# نہم لاہور بورڈ 2012

ایلیمنٹس آف ہوم اکنامکس　　　　پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 2.10 گھنٹے　　　(دوسرا گروپ)　　　کل نمبر: 60

## (حصہ اول)

-2　کوئی سے سات (7) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:　14

(i)　صحت مند شخصیت کی نشوونما کے لئے کیا ضروری ہے؟

(ii)　تعلیم آبادیات کے بارے میں آپ کیا جانتی ہیں؟

(iii)　ہمارے آباؤاجداد کے زمانے میں زندگی کا انداز کیسا تھا؟

(iv)　خاندان سے کیا مراد ہے؟

(v)　انفرادی شخصیت سے کیا مراد ہے؟

(vi)　بچہ اپنے ہاتھ سے کام کیوں کرنا چاہتا ہے؟

(vii)　بچہ محبت اور تحفظ کی ضرورت کیوں محسوس کرتا ہے؟

(viii)　تین سے پانچ سال کے بچے کی دو ضروریات تحریر کیجئے۔

(ix)　جھوٹ بولنے کی عادت کو کس طرح دور کیا جا سکتا ہے؟

(x)　بچے چیزوں کو کیوں توڑتے ہیں؟

-　کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:　10

(i)　لباس کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(ii)　اسلامی معاشرے کی بنیادی قدر کون سی ہے؟

(iii)　لباس کا مناسب اور موزوں ہونے سے کیا مراد ہے؟

(iv)　کھیل کے مشاغل والے لوگوں کا لباس کیسا ہونا چاہیے؟

(v)　چھوٹی بہن کی سالگرہ پر آپ کس قسم کا لباس پہنیں گی؟

(vi)　کسی رشتہ دار کی شادی پر کس قسم کا لباس مناسب رہے گا؟

(vii)　موزوں لباس کے انتخاب میں آرٹ کے اصولوں کی کیا اہمیت ہے؟

(viii)　کپڑا خریدتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟

www.ilmkidunya.com

-4　کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:　12

(i)　حرارت کا سوتی کپڑوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟

(ii)　اونی کپڑوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

(iii)　داغ دھبے دور کرنے کے دو اصول کون سے ہیں؟

(iv)　روزمرہ استعمال کے کپڑے عام طور پر کس قسم کے ریشوں سے حاصل کیے جاتے ہیں؟

(v)　مصنوعی وسائل سے حاصل ہونے والے ریشوں کے نام لکھئے۔

(vi)　اونی دھاگے کی تیاری میں کارڈنگ سے کیا مراد ہے؟

(vii)　کون سے ریشے فائر پروف ہوتے ہیں؟

(viii)　حیوانی ریشے کے کون کون سے ذرائع ہیں؟

(ix)　کپڑوں کو دھونا کیوں ضروری ہے؟

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھئے۔

-5　ہوم اکنامکس کی تعریف کیجئے۔ ہوم اکنامکس کا باقی علوم کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ بیان کیجئے۔　6,2

-6　بچے انگوٹھا کیوں چوستے ہیں؟ آپ اس عادت کو کیسے چھڑائیں گی؟　4,4

-7　لباس میں خطوط کے استعمال کے شکل وصورت اور قد وقامت پر اثرات تفصیلاً لکھئے۔　8

-8　درج ذیل پر تفصیلی نوٹ لکھئے:　4,4

(الف) رے آن۔　　(ب) پولی ایسٹر۔

-9　کپڑے کی دھلائی کے طریقے تفصیل سے تحریر کیجئے۔　8